عائشہ اسٹیل ملزلمیٹڈ

AISHA STEEL MILLS LIMITED

نوٹس برائے بائیسواں سالانہ اجلاسِ عام

نوٹس ہٰذا کے ذریعے مطلع کیا جاتا ہے کہ عائشہ اسٹیل ملز لمیٹڈ (" کمپنی ") کے حصص یافتگان کا بائیسواں (22) سالانہ اجلاس عام بروز جمعہ مورخہ 23 اکتوبر 2026ء کو صبح 11:30 بجے بمقام پی ایس ایکس آڈیٹوریم، اسٹاک ایکسچینج بلڈنگ، اسٹاک ایکسچینج روڈ، کراچی میں مندرجہ ذیل امور کی انجام دہی کیلئے منعقد کیا جائے گا:

عمومی امور:

1- کمپنی کے اکیسویں (21) سالانہ اجلاس عام منعقدہ 17 اکتوبر 2025 کی کارروائی کی توثیق۔

2- 30 جون 2026 کو مکمل ہونے والے سال کیلئے کمپنی کے سالانہ آڈٹ شدہ مالیاتی گوشواروں معہ ڈائریکٹرز اور آڈیٹرز کی رپورٹس کی وصولی، غوروخوض اور منظوری۔

کمپنیز ایکٹ 2017 کی دفعہ 223 اور 2023/(I)389 SRO مورخہ 21 مارچ 2023 کے مطابق، مزید براں 28 اکتوبر 2023 کو منعقد ہونے والے سالانہ اجلاسِ عام میں شیئر ہولڈرز کی طرف سے دی گئی منظوری کے مطابق، کمپنی کے مالیاتی گوشوارے کمپنی کی ویب سائٹ پر اپ لوڈ کیے جارہے ہیں اور درج ذیل ویب لنک یا QR کوڈ کے ذریعے ڈاؤن لوڈ کیے جاسکتے ہیں:

https://www.aishasteel.com/financial-reports

3- 1 جولائی 2022 سے 30 جون 2026 تک کی مدت کیلئے مجموعی ترجیحی حصص ASLPS اور ASLCPS پر بالترتیب 343.71 ملین اور 1.14 ملین روپے کے ترجیحی منافع (ترجیحی منافع منقسمہ) منقسمہ کی ادائیگی پر غوروخوض اور منظوری۔ بورڈ آف ڈائریکٹرز کی سفارشات کے تحت متعلقہ شرائط وضوابط کے مطابق ترجیحی حصص کی تقسیم مندرجہ ذیل طور پر کی جائے گی:

(i) – کمپنی کا 1 (ایک) عمومی حصص (ASL) جس کی عرفی قیمت 10 روپے فی حصص ہے، کو 1 جولائی 2022 سے 30 جون 2026 تک کی مدت کیلئے بطور ترجیحی منافع منقسمہ ASLPS کے ہر 10 روپے جمع شدہ/ واجب الادا منافع منقسمہ پر، قابلِ اطلاق ٹیکس کی کٹوتی (ایڈجسٹمنٹ/ وصولی/حصول) کے بعد، کتب بندش کی تاریخ کے مطابق منافع منقسمہ کے اہل متعلقہ ترجیحی حصص یافتگان کو تقسیم کیا جائے گا یا ASLPS کے ان حصص یافتگان کو تقسیم کیا جائے گا جنہوں نے کتب بندش کی تاریخ سے قبل کامیابی کے ساتھ تبادلوں کا اختیار استعمال کیا ہوگا اور وہ 1 جولائی 2022 سے 30 جون 2026 تک کے عرصے کے لیے، یا اپنی متعلقہ تاریخِ تبدیلی (Conversion Date) تک، جو بھی پہلے ہو، ترجیحی منافع منقسمہ کے حقدار رہوں گے۔

(ii) – کمپنی کے 2.285 عمومی حصص (ASL) جس کی عرفی قیمت 10 روپے فی حصص ہے، کو 1 جولائی 2022 سے 30 جون 2026 تک کی مدت کیلئے بطور ترجیحی منافع منقسمہ ASLCPS کے ہر 10 روپے جمع شدہ/ واجب الادا منافع منقسمہ پر، قابلِ اطلاق ٹیکس کی کٹوتی (ایڈجسٹمنٹ / وصولی / حصول) کے بعد، ASLCPS کے ان حصص یافتگان میں تقسیم کیا جائے گا جنہوں نے کتب بندش کی تاریخ سے قبل کامیابی کے ساتھ تبادلوں کا اختیار استعمال کیا ہوگا۔

(iii) – 1 جولائی 2022 سے 30 جون 2026 تک کی مدت کیلئے نقد منافع منقسمہ کو بطور ترجیحی منافع منقسمہ ASLCPS کے ان حصص یافتگان کو ادا کیا جائے گا جنہوں نے کتب بندش کی تاریخ سے قبل ترجیحی حصص (ASLCPS) کو عمومی حصص (ASL) میں تبدیل نہیں کیا ہوگا۔

4- 30 جون 2027ء کو مکمل ہونے والے سال کیلئے آڈیٹرز کی تقرری اور ان کے مشاہرے کا تعین۔ بورڈ آف ڈائریکٹرز نے میسرز اے ایف فرگوسن اینڈ کمپنی، چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس کی بطور بیرونی آڈیٹرز دوبارہ تقرری کی سفارش کی ہے۔

5- کمپنیز ایکٹ مجریہ 2017 کی دفعہ 159 کی شقوں کے مطابق کمپنی کے ڈائریکٹرز کا تین سالہ مدت کے لئے انتخاب جس کا آغاز 31 اکتوبر 2026 سے ہوگا۔ بورڈ آف ڈائریکٹرز کی جانب سے قابلِ انتخاب ڈائریکٹرز کی تعداد آٹھ (8) مقرر کی جاچکی ہے۔ بعد از انتخاب بورڈ کے ڈائریکٹرز کی تعداد آٹھ (8) ہوگی اور کمپنی کے سی ای او کو کمپنیز ایکٹ کی دفعہ (3) 188 کے تحت ڈائریکٹر تصور کیا جائے گا۔ مندرجہ ذیل ڈائریکٹرز 31 اکتوبر 2026 کو ریٹائر ہونگے:

1 - جناب عارف حبیب	2 - جناب کاشف اے حبیب	3 - جناب صمدا ے حبیب
4 - جناب نسیم بیگ	5 - جناب ارسلان محمد اقبال	6 - جناب راشد علی خان
7 - جناب عبدالمجید	8 - محترمہ سعدیہ عمر	

خصوصی امور:

6- مندرجہ بالا ایجنڈا نمبر 3(i) اور 3(ii) کو مؤثر بنانے کیلئے مندرجہ ذیل قراردادوں کی بطور عمومی قرارداد دیں، اگر موزوں ہوں تو، ترمیم یا بلاترمیم منظوری:

قرار پایا کہ اس بات پر منحصر کہ کتنے ترجیحی حصص (ASLCPS) کتب بندش کی تاریخ تک عمومی حصص (ASL) میں تبدیل ہوتے ہیں، قابلِ اطلاق ٹیکس کے اثرات کے تابع (اگر کوئی ہوں)، کمپنی کے جمع شدہ منافع میں سے تقریباً 344.8 ملین روپوں تک کو 10 روپے فی حصص عرفی قیمت کے تقریباً 34.6 ملین عمومی حصص تک کو ترجیحی منافع منقسمہ کی ادائیگی کے عوض جاری/مختص کیے جائیں گے، جبکہ تقریباً 1.46 ملین روپے تک کی رقم (ترجیحی منافع منقسمہ کی تبدیلی پر فرق) کے طور پر درج کی جائے گی۔

مزید قرار پایا کہ ترجیحی منافع منقسمہ کے عوض مختص کردہ عمومی حصص کو تمام معاملات کے حوالے سے کمپنی کے موجودہ عمومی حصص کے ساتھ مساوی درجہ دیا جائے گا۔

مزید قرار پایا کہ متعلقہ حصص یافتگان کو مکمل عدد میں عمومی حصص مختص کرنے کے بعد خالص ترجیحی منافع منقسمہ کی برائے نام بقایا رقم کسی فلاحی ادارے کو عطیہ کی جائے گی۔

مزید قرار پایا کہ چیئرمین، چیف ایگزیکٹو، چیف فنانشل آفیسر اور کمپنی سیکرٹری کو بذریعہ ہٰذا یگانہ اختیارات تفویض کیے جاتے ہیں تاکہ وہ مذکورہ بالا قراردادوں کی تعمیل اور اس سلسلے میں ضروری یا مطلوبہ تمام امور، اقدامات انجام دے سکیں۔

7- ملحقہ پارٹیوں کے ساتھ لین دین کے سلسلے میں درج ذیل کو منظور کرنا:

i) 30 جون 2026 کو ختم ہونے والے سال کے لیے آڈٹ شدہ مالی گوشواروں میں ظاہر کیے گئے ملحقہ پارٹیوں کے سَودوں/ انتظامات/ معاہدوں/ بیلنس کی توثیق اور منظوری۔

ii) کمپنی کے بورڈ آف ڈائریکٹرز کو مجاز بنانا کہ وہ مالیاتی سال 30 جون 2027 کے دوران یا اگلے سالانہ اجلاسِ عام تک ملحقہ پارٹیوں کے ساتھ کئے جانے والے اُن سَودوں (اگر واقع ہوں) کی منظوری دے سکیں جن کے لئے کمپنیز ایکٹ کی دفعہ 207 یا/اور 208 کے تحت حصص یافتگان کی منظوری درکار ہوتی ہے۔

اس کے لئے مندرجہ ذیل خصوصی قراردادیں ترمیم یا بلاترمیم منظور کی جائیں گی:

قرار پایا کہ ملحقہ پارٹیوں کے ساتھ سَودوں/ انتظامات/ معاہدوں/ بیلنس جیسا کہ 30 جون 2026 کو ختم ہونے والے سال کے لیے آڈٹ شدہ مالی گوشواروں میں ظاہر کیا گیا ہے، بذریعہ ہٰذا اس کی منظوری دی جاتی ہے۔

مزید قرار پایا کہ کمپنی کے بورڈ آف ڈائریکٹرز کو مجاز بنایا جاتا ہے کہ مالیاتی سال 30 جون 2027 کے دوران یا اگلے سالانہ اجلاسِ عام تک ملحقہ پارٹیوں کے ساتھ کئے جانے والے سودوں کو انفرادی طور پر منظور کرنا۔

مزید قرار پایا کہ سودوں کی ڈائریکٹرز سے منظوری کو (اگر واقع ہوں) کمپنیز ایکٹ کی دفعہ 207 یا/ اور 208 کے تحت حصص یافتگان کی منظوری تصور کیا جائے گا اور (اگر ضروری ہوا) تو انہیں کمپنیز ایکٹ کی دفعہ 207 یا/ اور 208 کے تحت اگلے سالانہ اجلاس عام میں باضابطہ توثیق/منظوری کے لئے حصص یافتگان کے روبرو پیش کیا جائے گا۔

دیگر امور:

7- چیئرمین کی اجازت سے دیگر امور کی انجام دہی۔

کمپنیز ایکٹ 2017 کی دفعہ (3)134 کے تحت اور کمپنیز ایکٹ 2017 کی دفعہ (3)166 کے تحت خصوصی امور سے متعلق بیانیہ نوٹس ہٰذا کے ہمراہ حصص یافتگان کو ارسال کیا جارہا ہے۔

بحکم بورڈ

کراچی: 2 اکتوبر 2026ء

منظوررضا
کمپنی سیکریٹری

نوٹ:

1. کمپنی کی منتقلی حصص کی کتب 16 اکتوبر 2026 تا 23 اکتوبر 2026 (بشمول دونوں دن) بند رہیں گی۔ ہمارے شیئر رجسٹرار میسرز سی ڈی سی شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ کے دفتر واقع سی ڈی سی ہاؤس، 99 بی، بلاک بی، ایس ایم سی ایچ ایس، مین شاہراہ فیصل، کراچی [ASML کے شیئر رجسٹرار (CDCSRSL)] کو جمعرات 15 اکتوبر 2026 کو اختتام کار تک موصول ہونے والی منتقلیاں متعلقہ ترجیحی حصص یافتگان کے ترجیحی منافع منقسمہ کے حق کے تعین کیلئے اور تمام حصص یافتگان کی اجلاس میں شرکت اور رائے دہی کی اہلیت کے تعین کیلئے بروقت سمجھی جائیں گی۔

2. اجلاس ہٰذا میں شرکت اور رائے دہی کا/ کی اہل ممبر اپنی جانب سے شرکت اور رائے دہی کے لیے دوسرے ممبر کو اپنا پروکسی مقرر کرسکتا/ کرسکتی ہے جسے ممبر کی طرح تمام حقوق حاصل ہوں گے۔

3. سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کے جاری کردہ سرکلر نمبر 1 ریفرنس نمبر 3 (5 اے) متفرق اے آر او/ ایل ای ایس/ 96 مورخہ 26 جنوری 2000ء میں درج ہدایات سمیت طریقہ کار:

i – ممبران، پراکسیوں یا نامزد افراد کو اپنی شناخت کے لیے اجلاس میں شرکت کے موقع پر اصل قومی شناختی کارڈ یا اصل پاسپورٹ پیش کرنا ہوگا اور اپنا فولیو نمبر ہمراہ لانا ہوگا۔

ii – کارپوریٹ ادارے کی صورت میں بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد/ پاور آف اٹارنی اور نامزد فرد کے قومی شناختی کارڈ یا پاسپورٹ کی تصدیق شدہ کاپی (اگر پہلے فراہم نہ کی گئی ہو) اجلاس کے موقع پر پیش کرنے ہوں گے۔

iii – مؤثر العمل ہونے کے لیے، پروکسی فارم دستخط اور مہر شدہ اور دو گواہوں کے نام، پتہ، قومی شناختی کارڈ نمبر اور دستخط کے ساتھ اجلاس کے انعقاد سے کم از کم 48 گھنٹے قبل ASML کے شیئر رجسٹرار (CDCSRSL) کے دفتر پر موصول ہوجانے چاہئیں۔

iv – انفرادی صورت میں بینیفیشل آنر اور پراکسی کے قومی شناختی کارڈ یا پاسپورٹ کی تصدیق شدہ کاپیاں پروکسی فارم کے ہمراہ منسلک کرنی ہوں گی۔

v – کارپوریٹ ادارے کے پروکسی ہونے کی صورت میں بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد/ پاور آف اٹارنی اور پروکسی کے قومی شناختی کارڈ یا پاسپورٹ کی تصدیق شدہ کاپی پروکسی فارم کے ہمراہ جمع کرانی ہوگی۔

4. **سالانہ اجلاس عام میں آن لائن شرکت**

کمپنی اس سالانہ اجلاس عام میں ممبران کی زیادہ سے زیادہ شرکت کو یقینی بنانے کے لیے انکی بذاتِ خود موجودگی کے ساتھ ساتھ وڈیو لنک کے ذریعے شرکت کی سہولت فراہم کررہی ہے۔ لہٰذا آن لائن شرکت کے متمنی تمام شرکاء اور ممبران سے درخواست ہے کہ مندرجہ ذیل کوائف اور سی این آئی سی کی (دونوں اطراف) کاپی کے ہمراہ corporate.affairs@aishasteel.com پر بذریعہ ای میل برائے "Registration for ASML AGM 2026" کے عنوان سے اجلاس ہٰذا کے انعقاد سے کم از کم اڑتالیس (48) گھنٹے قبل رجسٹریشن کرالیں۔

شیئرز ہولڈر کا نام	سی این آئی سی نمبر	فولیو نمبر/ سی ڈی سی اکاؤنٹ نمبر	موبائل نمبر	ای میل ایڈریس

اے جی ایم میں شرکت کیلئے وڈیو لنک صرف ان ممبران کیلئے کھولا جائیگا جن کے تمام مطلوبہ درست کوائف پر مشتمل ای میل corporate.affairs@aishasteel.com پر موصول ہوگی۔ حصص یافتگان مذکورہ ای امیل ایڈریس اور واٹس ایپ نمبر 0311-2706624 پر اپنے ایجنڈہ آئیٹمز کیلئے رائے اور سوالات بھی ارسال کرسکتے ہیں۔

5 – وڈیو لنک کی سہولت کی فراہمی

حصص یافتگان اجلاس ہٰذا میں بذریعہ وڈیو لنک سہولت شریک ہوسکتے ہیں۔ کمپنی کو اجلاس کے انعقاد سے کم از کم سات (7) روز قبل کسی دوسرے شہر میں مقیم دس فیصد یا زائد شیئر ہولڈرز کی جانب سے بذریعہ وڈیو لنک اجلاس میں شرکت کی درخواست موصول ہونے کی صورت میں کمپنی متعلقہ مقام پر وڈیو لنک سہولت کا اہتمام کریگی۔

بذریعہ وڈیو لنک اجلاس میں شرکت کے متمنی شیئر ہولڈرز سے درخواست ہے کہ کمپنی کی ویب سائٹ پر دستیاب "وڈیو لنک فیسیلٹی فارم" پُر کرکے کمپنی کے رجسٹرڈ پتہ پر ارسال کردیں۔ واضح ہو کہ ممبر یا پروکسی کے علاوہ کوئی فرد وڈیو لنک کانفرس میں شرکت کا اہل نہیں ہوگا۔

6 – ذاتی طور پر یا پراکسی کے ذریعے رائے دہی

سالانہ اجلاسِ عام میں رائے دہی یعنی ووٹنگ کے لیے میٹنگ کے لیے مختص مقام پر پولنگ بوتھ قائم کیا جائے گا۔

7 – ای-ووٹنگ/ پوسٹل بیلٹ کے ذریعے ووٹنگ

ممبران کو بذریعہ ہٰذا مطلع کیا جاتا ہے کہ کمپنیز ایکٹ 2017 کی دفعہ 144-143 اور کمپنیز (پوسٹل بیلٹ) ریگولیشنز 2018 کے مطابق ممبران کو اس میں بیان کی گئی شرائط کے مطابق سالانہ اجلاس عام میں خصوصی امور اور ڈائریکٹرز کے انتخاب (اگر انتخاب کے لیے خود کو پیش کرنے والے افراد کی تعداد قانون کے تحت مقرر کی گئی تعداد سے زیادہ ہوں) کے لیے اپنا حقِ رائے دہی استعمال کرنے کی اجازت ہوگی۔

میسرز یو ایچ وائی حسن نعیم اینڈ کمپنی چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس (ایک QCR ریٹڈ آڈٹ فرم)، جنہیں ڈائریکٹرز کے انتخاب کے لیے جانچ کنندہ (Scrutinizer) مقرر کیا گیا ہے، اپنی ذمہ داریاں حسب ضابطہ انجام دیں گے۔ ان کی قابلیت اور تجربے کی تفصیلات ان کی ویب سائٹ (/ www.uhy-hnco.com) پر درج ہیں۔

رائے دہی یعنی ووٹنگ کے لیے ممبران کو درج ذیل اختیارات فراہم کیے جارہے ہیں:

i- ای-ووٹنگ کا طریقہ کار

(ا) ای-ووٹنگ سہولت کی تفصیلات کمپنی کے ان ممبران کو ای میل کی جائیں گی جن کے درست کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ نمبر، موبائل نمبر اور ای میل ایڈریس جمعرات 15 اکتوبر 2026 کو اختتام کار تک کمپنی کے رجسٹر میں دستیاب ہوں گے۔

(ب) ویب ایڈریس، لاگ اِن کی تفصیلات اور پاس ورڈ ای میل کے ذریعے ممبران کو بتائے جائیں گے۔ سیکورٹی کوڈز، ای ووٹنگ سروس فراہم کرنے والے کے ویب پورٹل سے ایس ایم ایس (SMS) اور ای میل کے ذریعے ممبران کو بتائے جائیں گے۔

(ج) ای – ووٹنگ کے ذریعے ووٹ ڈالنے کا ارادہ رکھنے والے اراکین کی شناخت الیکٹرونک دستخط یا لاگ اِن کرنے کے لیے فراہم کردہ تصدیق کے ذریعے کی جائے گی۔

(د) ای – ووٹنگ کی لائنیں 20 اکتوبر 2026 کو صبح 09:00 بجے سے کھلیں گی اور 22 اکتوبر 2026 کو شام 05:00 بجے بند ہوں گی۔ ممبران اس مدت کے دوران کسی بھی وقت اپنا ووٹ ڈال سکتے ہیں۔ ایک بار کسی ممبر کی طرف سے قرارداد پر ووٹ ڈالنے کے بعد اسے تبدیل کرنے کی اجازت نہیں ہوگی۔

ii- پوسٹل بیلٹ

(ا) ممبران متبادل طور پر پوسٹل بیلٹ کے ذریعے ووٹنگ کا انتخاب کر سکتے ہیں۔ بیلٹ پیپر کمپنی کی ویب سائٹ www.aishasteel.com سے ڈاؤن لوڈ کرنے کے لیے دستیاب ہونگے اور 15 اکتوبر 2026 سے پہلے اخبارات میں شائع کئے جائیں گے۔

(ب) ممبران اس بات کو یقینی بنائیں گے کہ اجلاس کے چیئرمین تک صحیح طریقے سے پُر شدہ اور دستخط شدہ بیلٹ پیپر، کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ (CNIC) کے ساتھ عارف حبیب سینٹر، 23، ایم۔ٹی۔خان روڈ، کراچی میں ڈاک کے ذریعے (کمپنی سیکریٹری کو متوجہ کر کے) یا حصص یافتہ کے رجسٹرڈ ای میل سے chariman.generalmeeting@aishasteel.com پر بذریعہ ای میل "Postal Ballot for ASML AGM 2026" کے عنوان سے 22 اکتوبر 2026 بروز جمعرات شام 05:00 بجے سے پہلے پہنچ جائیں۔ بیلٹ پیپر پر دستخط کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ کے دستخط سے مماثل ہونے چاہیئں۔ مقررہ وقت اور تاریخ کے بعد موصول ہونے والا پوسٹل بیلٹ ووٹنگ میں شامل نہیں ہوگا۔

(ج) براہِ کرم نوٹ کریں کہ ووٹنگ میں کسی تنازع بشمول ایک سے زیادہ ووٹ ڈالنے کی صورت میں، چیئرمین فیصلہ کرنے کا مجاز ہوگا۔

8 – ترجیحی منافع منقسمہ کے عوض عام حصص (ASL) کے اجراء پر ودہولڈنگ ٹیکس

چونکہ کمپنی کی جانب سے حاصل کردہ قانونی اور ٹیکس مشاورت کے مطابق، ASLPS یا ASLCPS پر ترجیحی منافع منقسمہ کے عوض کمپنی کے عام حصص (ASL) کا اجراء نوعیت کے اعتبار سے بونس حصص کے اجراء سے کافی مماثلت رکھتا ہے، لہٰذا کمپنی کی جانب سے عام حصص کے اجراء اور ٹیکس کی کٹوتی کے لیے اختیار کردہ طریقہ کار پر، حتی الامکان اور قریب ترین حد تک، بونس حصص کے اجراء پر لاگو طریقہ کار کے مطابق عمل کیا جارہا ہے۔

لہٰذا، کتب بندش کی تاریخ تک ASLPS کے حقدار حصص یافتگان، اور ساتھ ہی ASLCPS کے وہ حصص یافتگان جنہوں نے کتب بندش کی تاریخ سے پہلے اپنے تبادلے کے اختیار کو کامیابی سے استعمال کرلیا ہے اور وہ ترجیحی منافع منقسمہ کے حقدار ہیں، انہیں متعلقہ ترجیحی منافع منقسمہ کے عوض 10 روپے قدرِ عرفی کے عام حصص (ASL) قیمتِ اسمیہ پر جاری کیے جائیں گے۔

ترجیحی منافع منقسمہ کے عوض عام حصص (ASL) کے حصول کا استحقاق انکم ٹیکس آرڈیننس، 2001 کی دفعہ 236Z بمعہ دسویں شیڈول کے قاعدہ 1 کے احکامات کے مطابق ودہولڈنگ ٹیکس کے تابع ہوگا۔ چنانچہ، کمپنی جاری کیے جانے والے عام حصص میں سے، حسبِ اطلاق، 10 فیصد (فائلر) یا 20 فیصد (نان فائلر) کے مساوی حصص بطور ودہولڈنگ ٹیکس روک لے گی۔

روکے گئے عام حصص صرف اسی صورت میں حصص یافتہ کو جاری کیے جائیں گے جب کمپنی ایسے حصص یافتہ سے، حسبِ اطلاق، 10 فیصد (فائلر) یا 20 فیصد (نان فائلر) کے برابر ٹیکس کی رقم وصول (یا حاصل) کرلے۔ یہ ٹیکس کی رقم حصص یافتہ کو جاری کیے جانے والے عام حصص، بشمول روکے گئے عام حصص کی مالیت پر عائد ہوگی، جس کا تعین کتب بندش کے پہلے دن کے اختتامی نرخ کی بنیاد پر کیا جائے گا۔

کمپنی انکم ٹیکس آرڈیننس، 2001 کی دفعہ 236Z کی دفعات کے مطابق ٹیکس جمع کروائے گی۔ اگر کوئی حصص یافتہ عام حصص کے اجراء کی تاریخ سے پندرہ دن کے اندر نہ تو کمپنی کو ٹیکس کی رقم ادا کرتا ہے اور نہ ہی عام حصص وصول کرتا ہے، تو کمپنی ایسے حصص یافتہ کی جانب سے ادا کیے گئے ٹیکس کی حد تک روکے گئے عام حصص کو فروخت کرنے کی مجاز ہوگی۔

9 – نقد منافع منقسمہ کی بذریعہ الیکٹرونک طریقہ کار ادائیگی (لازمی)

سالانہ اجلاسِ عام میں منظوری سے مشروط، 1 جولائی 2022 سے 30 جون 2026 تک کے عرصے کا نقد منافع منقسمہ ان ASLCPS ترجیحی حصص یافتگان کو ترجیحی منافع منقسمہ کے طور پر ادا کیا جائے گا جنہوں نے کتب بندش کی تاریخ شروع ہونے سے پہلے اپنے ترجیحی حصص (ASLCPS) کو عام حصص (ASL) میں تبدیل نہیں کروایا ہے۔

کمپنیز ایکٹ مجریہ 2017ء کی دفعہ 242 کے تحت لسٹڈ کمپنی کے لیے لازمی ہے کہ وہ اپنے اہل حصص یافتگان کو نقد منافع منقسمہ کی ادائیگی صرف الیکٹرانک طریقہ کار سے براہ راست ان کے بینک اکاؤنٹ میں منتقلی سے کریں۔

متعلقہ بینک اکاؤنٹ میں براہ راست نقد منافع منقسمہ (اگر کوئی ہے) کی منتقلی کے لیے شیئر ہولڈرز سے درخواست کی جاتی ہے کہ کمپنی کی ویب سائٹ پر دستیاب الیکٹرانک موڈ ڈیویڈنڈ فارم مکمل تفصیلات، آئی بی اے این اور سی این آئی سی کی کاپی کے ہمراہ دستخط کر کے، فزیکل شیئرز کی صورت میں، ASML کے شیئر رجسٹرار (CDCSRSL) کو ارسال کردیں جبکہ بک انٹری سیکیورٹیز کی صورت میں، شیئر ہولڈرز کو متعلقہ ریکارڈز بشمول آئی بی اے این الیکٹرانک موڈ ڈیویڈنڈ فارم کے مطابق اپنے بروکر/شریک/سی ڈی سی اکاؤنٹ سروسز کو پیش کردیں۔

ممبران کے درست بینک اکاؤنٹ کی تفصیلات اور/ یا IBAN کی عدم موجودگی میں کمپنی متعلقہ معلومات وتفصیلات کی فراہمی تک کمپنیز (ڈسٹری بیوشن آف ڈیویڈنڈز) ریگولیشنز 2017 جسے کمپنیز ایکٹ 2017 کی دفعہ 243(2)(a) کے ساتھ ملا کر پڑھا جائے، کے تحت منافع منقسمہ کی ادائیگی (اگر کوئی ہے) روکنے پر مجبور ہوگی۔

10 – منافع منقسمہ پر ودہولڈنگ ٹیکس

انکم ٹیکس آرڈیننس 2001 کی دفعہ 150 کے تحت کمپنیوں کی جانب سے منافع منقسمہ کی ادائیگی پر ودہولڈنگ ٹیکس کی مختلف شرح مقرر کی گئی ہے۔ ٹیکس کی شرح حسب ذیل ہے:

برائے فائلرز (جن کے نام اے ٹی ایل میں درج ہیں)	15%
برائے نان فائلرز (جن کے نام اے ٹی ایل میں نہیں درج ہیں)	30%

حصص یافتگان کو ہدایت کی جاتی ہے کہ وہ اس امر کی یقین دہانی کرلیں کہ ان کے (اور/ یا ان کے جوائنٹ ہولڈرز کے) نام ایف بی آر کی ویب سائٹ پر فراہم کی گئی تازہ اے ٹی ایل فہرست میں درج ہیں بصورت دیگر انہیں (اور/ یا ان کے جوائنٹ ہولڈرز کو) نان فائلرز سمجھا جائیگا اور ان کی نقد منافع منقسمہ (اگر کوئی ہو) کی آمدنی پر پندرہ فیصد کی بجائے تیس فیصد کی شرح سے ٹیکس منہا کیا جائیگا۔

11 – جوائنٹ اکاؤنٹ ہولڈرز کی صورت میں ڈیویڈنڈ پر ودہولڈنگ ٹیکس

نگراں اداروں کے ہدایت پر کمپنی کی جانب سے جوائنٹ اکاؤنٹ کی صورت میں حصص یافتی کے تناسب کے تعین کے لیے ہدایات پر عمل کرنے کے لیے تمام شیئر ہولڈرز سے جو جوائنٹ شیئر ہولڈر ہیں درخواست کی جاتی ہے کہ وہ پرنسپل شیئر ہولڈر اور جوائنٹ شیئر ہولڈر کے شیئرز کے تناسب سے تحریر طور پر ASML کے شیئر رجسٹرار (CDCSRSL) کو حسب ذیل مطلع کریں۔

فولیو/سی ڈی ایس اکاؤنٹ نمبر	کل شیئرز	پرنسپل شیئر ہولڈر		جوائنٹ ہولڈر	
		نام وسی این آئی سی نمبر	حصص کا تناسب (فیصد)	نام وسی این آئی سی نمبر	حصص کا تناسب (فیصد)

نوٹ: متعلقہ معلومات کی 15 اکتوبر 2026 تک عدم فراہمی کی صورت میں سمجھا جائے گا کہ ASLCPS کے نقد منافع منقسمہ کا حقدار حصص یافتہ اور اسکے متعلقہ جوائنٹ اکاؤنٹ ہولڈرز مساوی تناسب سے شیئرز کے حامل ہیں اور ٹیکس اسی اعتبار سے منہا کرلیا جائے گا۔

12 – سالانہ رپورٹ کی تقسیم

گزشتہ برسوں کے سالانہ اور سہ ماہی گوشواروں کے علاوہ، 30 جون 2026 کو ختم ہونے والے سال کے لیے کمپنی کے آڈٹ شدہ مالی گوشواروں (سالانہ رپورٹ) کے ساتھ آڈیٹرز کی رپورٹ، ڈائریکٹرز کی رپورٹ اور چیئرمین کی جائزہ رپورٹ کو کمپنی کی ویب سائٹ www.aishasteel.com/financial-reports پر بھی دستیاب کر دیا گیا ہے۔ کمپنیز ایکٹ، 2017 کی دفعہ 223(6) کے تقاضوں کے مطابق، کمپنی نے سالانہ رپورٹ کو الیکٹرونک طور پر ای میل کے ذریعے اُن شیئر ہولڈرز تک پہنچایا ہے جن کے ای میل ایڈریس ASML کے شیئر رجسٹرار (CDCSRSL) کے پاس دستیاب ہیں۔ اُن صورتوں میں، جہاں ای میل ایڈریس ASML کے شیئر رجسٹرار (CDCSRSL) کے پاس دستیاب نہیں ہیں، اس صورت میں ممبران کو سالانہ اجلاسِ عام کے اشاعت شدہ نوٹس، بشمول ویب لنک اور QR کوڈ (سالانہ رپورٹ ڈاؤن لوڈ کرنے کے لیے) بھیجے جارہے ہیں۔ کسی بھی شیئر ہولڈر کی درخواست پر سالانہ رپورٹ کی اشاعت شدہ کاپی درخواست موصول ہونے کے ایک ہفتے کے اندر ان کے رجسٹرڈ پتے پر مفت فراہم کی جائے گی۔ شیئر ہولڈرز کی سہولت کے لیے، "سالانہ آڈٹ شدہ اکاؤنٹس کی فراہمی کے لیے درخواست فارم" کمپنی کی ویب سائٹ پر بھی دستیاب ہے۔

13 – تحائف کی تقسیم پر پابندی اور حصص یافتگان کے طرزِ عمل

کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 185 اور SECP کے ایس آر او 2025/(I)452 کی تعمیل میں حصص یافتگان کو مطلع کیا جاتا ہے کہ عام اجلاس میں یا اس کے سلسلے میں کسی بھی صورت میں تحائف تقسیم نہیں کیے جائیں گے۔ مزید برآں، حصص یافتگان کو ہدایت کی جاتی ہے کہ وہ SECP کی جنرل میٹنگز میں پیشہ ورانہ رویے کے رہنما اصولوں کے مطابق نظم وضبط اور اجلاس کے آداب کی پابندی کریں۔

14 – شیئرز ہولڈرز کی جانب معلومات کی فراہمی

مختلف قوانین کی تعمیل، اور کسی بھی قانون کی عدم تعمیل یا مستقبل میں کسی بھی قسم کی تکلیف سے بچنے کے لیے تمام شیئر ہولڈرز کو مشورہ دیا جاتا ہے کہ وہ مندرجہ ذیل معلومات/ دستاویزات/ امور کے سلسلے میں اپنے متعلقہ شریک/سی ڈی سی انویسٹر اکاؤنٹ سروسز/ ASML کے شیئر رجسٹرار (CDCSRSL) کو فراہم کردیں/ سے رابطہ کریں:

– درست سی این آئی سی/ این ٹی این سرٹیفکیٹ/ زکواۃ استثنیٰ سرٹیفکیٹ/ ٹیکس استثنیٰ سرٹیفکیٹ کی فراہمی۔

– درست بینک اکاؤنٹ کی تفصیلات اور/ یا IBAN کی فراہمی تاکہ کمپنی گزشتہ یا مستقبل میں نقد منافع منقسمہ کی ادائیگی کر سکے۔

– جوائنٹ اکاؤنٹ ہولڈرز کی صورت میں پرنسپل شیئر ہولڈر اور جوائنٹ شیئر ہولڈر کے شیئرز کے درمیان تناسب۔

– فزیکل شیئرز کی اسکریپ لیس صورت میں منتقلی، جس سے حصص یافتگان کو کئی انداز میں سہولت ملے گی جس میں محفوظ تحویل، مستعد خرید وفروخت اور دیگر کارپوریٹ کارروائیوں میں آسانی ہے۔

– کمپنیز ایکٹ 2017 کی دفعہ 119 اور کمپنیز ریگولیشن 2024 کی شق نمبر 47 کے تحت لازمی رجسٹریشن کی معلومات بشمول موبائل نمبر/ لینڈ لائن نمبر اور ای میل ایڈریس کی فراہمی۔

– اپنے پتے، ای میل ایڈریس اور موبائل نمبر میں کسی قسم کی تبدیلی کی تحریری طور پر ASML کے شیئر رجسٹرار (CDCSRSL) کے دفتر کو فوری اطلاع۔

اہم:

15 – ڈائریکٹرز کے انتخاب کا مقابلہ: کوئی بھی فرد (بشمول ریٹائر ہونے والا ڈائریکٹر) جو کہ ڈائریکٹر کے انتخاب کے لیے مقابلے کا خواہاں ہو، کمپنی کے رجسٹرڈ آفس، عارف حبیب سینٹر، 23 ایم ٹی خان روڈ، کراچی میں مذکورہ اجلاس سے کم از کم 14 دن قبل کمپنیز ایکٹ 2017 کی دفعہ 159(3) کے تحت ڈائریکٹرز کے انتخاب کے لئے اپنے کاغذات نامزدگی مندرجہ ذیل دستاویزات کے ساتھ فراہم کردے:

i – انتخاب لڑنے کے لئے اپنے ارادے کا نوٹس، بشمول مکمل پُر شدہ اور دستخط شدہ فارم 9 کا ضمیمہ (کمپنیز ریگولیشنز 2024 کے تحت)، منتخب ہونے پر بحیثیت ڈائریکٹر کام کرنے کی رضامندی (زیر دفعہ 167(1) کمپنیز ایکٹ 2017) اور اس کی بات کی تصدیق کہ وہ قوانین وضوابط کے تحت ڈائریکٹر بننے کے لیے نااہل نہیں ہے اور یہ کہ وہ کمپنی کے آرٹیکلز آف ایسوسی ایشن کے مطابق اہلیت کے لیے حصص رکھے۔

ii – دیگر کمپنیوں، کارپوریٹ اداروں، فرمز یا دیگر قانونی اداروں میں رکھے گئے عہدوں اور ڈائریکٹر شپ کی تفصیلات اور ایک مفصل تعارف (پروفائل) مع دفتری پتہ جو کہ کمپنی کی ویب سائٹ پر انتخاب سے سات روز قبل SECP کے SRO1196(1)/2019 مورخہ 3 اکتوبر 2019 کے تحت آویزاں کردیا جائے گا۔

iii – اقرار نامہ کہ وہ لسٹڈ کمپنیز (کوڈ آف کارپوریٹ گورننس) ریگولیشنز 2019 کے قواعد وضوابط پر پورا اترتا/ اترتی ہے اور لسٹڈ کمپنی کے ڈائریکٹر (یا بطور آزاد ڈائریکٹر، اگر قابل اطلاق ہو) کے حیثیت سے کام کرنے کے لیے کمپنیز ایکٹ 2017 کے طے کردہ معیار اہلیت پر پورا اترتا/ اترتی ہے۔

iv – قومی شناختی کارڈ (CNIC) اور این ٹی این (NTN) کی تصدیق شدہ نقل۔

v – آزاد ڈائریکٹر (ڈائریکٹرز) کا لسٹڈ کمپنیز (کوڈ آف کارپوریٹ گورننس) ریگولیشنز 2019 کی شق 6(3) کے تحت اقرار نامہ۔

vi – نان جوڈیشل اسٹامپ پیپر پر حلف نامہ کہ وہ کمپنیز (مینر اینڈ سلیکشن آف انڈیپنڈنٹ ڈائریکٹرز) ریگولیشنز 2018 کی شق 4(1) کی مطلوبات پر پورا اترتا/ اترتی ہے۔

کمپنیز ایکٹ 2017 کی دفعہ 166(3) کے تحت بیانیہ

کمپنیز ایکٹ 2017 کی دفعہ 166 کے تحت ڈائریکٹران کے انتخاب کے لئے اجلاس عام کے نوٹس کے ساتھ اہم امور پر مبنی بیانیہ بھیجنا ضروری ہے جس میں منتخب شدہ فرد کی بحیثیت آزاد ڈائریکٹر تقرری کا جواز پیش کیا جائے۔

بحیثیت لسٹڈ کمپنی، عائشہ اسٹیل ملز لمیٹڈ کے لئے ضروری ہے کہ اس کے بورڈ میں لسٹڈ کمپنیز (کوڈ آف کارپوریٹ گورننس) ریگولیشنز 2019 کے تحت کم از کم تین آزاد ڈائریکٹرز ہوں۔ لہٰذا کمپنی اس بات کو یقینی بنائے گی کہ کم از کم تین آزاد ڈائریکٹرز کمپنیز ایکٹ 2017 کی دفعہ 159 کے تحت ڈائریکٹر کے انتخابی طریقہ کار کے مطابق منتخب ہوں۔

امیدواروں کی جانب سے انتخاب لڑنے کے ارادے کی درخواست کی وصولی کے بعد کمپنی آزاد ڈائریکٹر کی تقرری کے لئے درج ذیل طریقہ کار اپنائے گی:

– امیدواروں کے نام کی SECP کے باضابطہ مجاز پاکستان انسٹیٹیوٹ آف کارپوریٹ گورننس (PICG)' کے تیار کردہ ڈیٹا بینک میں شمولیت۔

– الیکشن لڑنے والے امیدواروں کی متعلقہ صلاحیتوں، تنوع، مہارت، تعلیم اور تجربہ کی تشخیص کی جائے گی۔

– ڈیٹا بینک سے کسی کا نام منتخب کرنے سے قبل کمپنی جامع تشخیص کرے گی کہ الیکشن لڑنے والا امیدوار کمپنیز ایکٹ 2017 کی دفعہ 166(2) کے طے کردہ آزاد ڈائریکٹر کے معیار پر پورا اترتا ہے۔

رجسٹرڈ اور کارپوریٹ آفس:
عارف حبیب سینٹر، 23، ایم ٹی خان روڈ، کراچی، پاکستان۔
ٹیلیفون+ : 22-19-32468317 21 92 I فیکس+ : 32468320 21 92 I ویب سائٹ: www.aishasteel.com I ای میل: info@aishasteel.com